**20.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

.................................

☆ قومی تحقیقاتی ایجنسی نے دلّی کے لال قلعہ علاقے میں دہشت گردانہ واقعے میں ملوث چار مزید اہم ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔

☆ JDU کے سربراہ نتیش کمار نے 10ویں مرتبہ بہار کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کا حلف لیا۔ 27وزیروں نے بھی حلف لیا۔

☆ سپریم کورٹ نے کہاہے کہ وہ بلوں کی منظوری سے متعلق فیصلہ کرنے کیلئے صدر جمہوریہ یا گورنروں کیلئے کوئی ٹائم لائن طے نہیں کرسکتا۔

☆ انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے بزنس مین رابرٹ واڈرا کے خلاف برطانیہ میں رہنے والے اسلحے سے متعلق کنسلٹینٹ سنجے بھنڈاری سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں فردِ جرم داخل کی ہے۔

☆ بھارت کا 56واں بین الاقوامی فلم فیسٹول گوا کے پناجی میں شاندار پریڈ کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔

☆ عالمی باکسنگ کپ فائنل میں بھارتی مکے بازوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، خواتین مکے بازوں نے سونے کے جبکہ مرد مکے بازوں نے سونے کے 2 تمغے جیتے۔

☆ اور... بیڈمنٹن میں آیوش شیٹی اور لکشیہ سین، آسٹریلین اوپن کے کوارٹر فائنل مقابلے میں آمنے سامنے ہوں گے اور اس طرح یہ میچ دونوں بھارتی کھلاڑیوں کے درمیان ہوگا۔

.................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

### NIA Delhi Blast Arrest

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے دلّی لال قلعہ دھماکے میں ملوث مزید چار اصل قصورواروں کو گرفتار کیا ہے۔ NIA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِنھیں دلّی کی ایک عدالت کی جانب سے پیش کئے جانے کے احکامات پر جموں وکشمیر کے سرینگر سے حراست میں لیا گیا ہے۔ NIA نے ان قصورواروں کی جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر مزمل شکیل Ganai، ڈاکٹر عدیل احمد راتھر اور مفتی عرفان احمد Wagay اور اترپردیش کی ڈاکٹر شاہین سعید کے طور پر شناخت کی ہے۔ اِس معاملے میں گرفتاریوں کی کُل تعداد بڑھ کر 6ہوگئی ہے۔x

## Nitish Kumar

جنتا دل یونائیٹیڈ کے سربراہ نتیش کمار نے آج صبح بہار کے وزیر اعلیٰ کے طور پر 10ویں مرتبہ حلف لیا۔

**S/B: Nitish- Oath**

بہار کے گورنر عارف محمد خان نے اُنہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ پٹنہ کے تاریخی گاندھی میدان میں حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزراء امت شاہ، جے پی نڈا، چراغ پاسوان اور NDA کے دیگر کئی اعلیٰ لیڈر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کے ساتھ کُل 27وزراء نے بہار کی نئی حکومت میں وزراء کے عہدے کا حلف لیا۔ BJP لیڈر سمراٹ چودھری، وجے کمار سنہا، دلیپ جیسوال، منگل پانڈے، نتن نَاَبِن اور رام کرپال یادو نے نتیش کمار کی کابینہ میں وزراء کے عہدے کا حلف لیا، جبکہ JDU کے Leshi سنگھ، شَرون کمار، بجیندر پرساد یادو، زماں خان اور اشوک چودھری نے بھی وزراء کے عہدے کا حلف لیا۔ حال ہی میں ختم ہوئے بہار اسمبلی انتخابات میں NDA نے 243ارکان والے ایوان میں 202سیٹیں حاصل کرکے تاریخی جیت رقم کی ہے۔ NDA میں BJP کو 89اسمبلی سیٹیں ملیں، JDU کو 85، LJP-R کو 19، ہندوستانی عوام مورچہ کو 5اور راشٹریہ لوک مورچہ کو 4اسمبلی سیٹیں ملیں۔ انتخابات میں اپوزیشن مہا گٹھ بندھن صرف 35سیٹیں ہی جیت پایا۔x

## PM Nitish CM

وزیر اعظم نریندر مودی نے نتیش کمار کو بہار کے وزیر اعلیٰ کے طور پر آج حلف لینے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ جناب کمار، مؤثر حکمرانی کے ایک ثابت شدہ ریکارڈ کے ساتھ ایک تجربے کار منتظم ہیں۔ جناب مودی نے اُنہیں نئی مدتِ کار میں کامیابی کی نیک خواہشات بھی پیش کیں۔ انہوں نے سمراٹ چودھری اور وجے کمار سنہا کو بھی نائب وزراء اعلیٰ کے طور پر عہدے سنبھالنے کیلئے مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے اِن دونوں شخصیات کے زمینی سطح پر کیے ہوئے بہت سے کام میں اور عوامی خدمت کے تئیں اُن کے عزم کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے بہار حکومت میں نئے شامل تمام وزراء کیلئے نیک خواہشات پیش کیں اور اِسے ایک اہل اور پُرخلوص ٹیم قرار دیا، جو ریاست کو نئی بلندیوں کی جانب آگے بڑھانے کے تئیں عہد بند ہے۔ x

## SC Presidential Reference

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ عدالت، آئین کی دفعہ 200/201کے تحت بلوں کو منظوری دینے کی غرض سے صدر جمہوریہ اور گورنروں کے فیصلوں سے متعلق کوئی ٹائم لائن نافذ نہیں کرسکتی۔ چیف جسٹس بی آر Gavai کی صدارت والی پانچ ججوں پر مشتمل ایک آئینی بینچ نے اتفاقِ رائے سے کہا کہ یہ بات، وفاقیت کے مفاد کے خلاف ہوگی کہ اگر دفعہ 200کے تحت عمل آوری کے مناسب طریقے پر عمل کیے بغیر، جس کی رُو سے گورنر کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ اسمبلی کی جانب سے منظور شدہ بلوں کو اپنی منظوری دے، گورنر کو بلوں کو روکنے کی اجازت دے دی

جائے۔ آئینی بینچ کی یہ رائے ایک صدارتی ریفرینس کے جواب کے طور پر سامنے آئی ہے، جس میں گورنروں اور صدر جمہوریہ کی جانب سے سے منظوری کے سلسلے میں ٹائم لائن سے متعلق وضاحت طلب کی گئی تھی۔
یہ وضاحت، تمل ناڈو بلوں سے متعلق معاملے میں سپریم کورٹ کے دو ججوں کی ایک بینچ کے بعد طلب کی گئی تھی، جس میں اُس بینچ نے گورنر آر این روی کی جانب سے 10 بلوں پر طویل مدت تک کوئی کارروائی نہ کیے جانے کو غیر قانونی اور یکطرفہ قرار دیا تھا اور قانون سازوں کی جانب سے منظور شدہ بلوں کی صدر نیز گورنروں سے منظوری کیلئے 3 مہینے کی ڈیڈ لائن مقرر کی تھی۔ x

## ED Robert Vadra

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے بزنس مین رابرٹ واڈرا کے خلاف برطانیہ میں رہنے والے اسلحے سے متعلق کنسلٹینٹ سنجے بھنڈاری سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں فردِ جرم داخل کی ہے۔ استغاثہ کی یہ شکایت، کالے دھن کو جائز بنانے سے متعلق قانون PMLA کی ایک خصوصی عدالت میں پیش کی گئی ہے۔ جناب واڈرا کے خلاف کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے کی یہ دوسری چارج شیٹ ہے۔ اِس برس جولائی میں ED نے اُن کے خلاف کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں فردِ جرم داخل کی تھی، جو ہریانہ کے شیخو پور میں زمین کی خرید و فروخت کے معاملے میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق تھا۔ x

## MEA G20 Briefing

وزیر اعظم نریندر مودی جوہانسبرگ میں G-20 سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کَل جنوبی افریقہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ میں اقتصادی امور سے متعلق سکریٹری سدھاکر Dalela نے آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ سربراہ کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم مودی بھارت–برازیل–جنوبی افریقہ IBSA کے لیڈران کی میٹنگ میں بھی شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم مودی G-20 سربراہ کانفرنس کے موقع پر عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔ سکریٹری موصوف نے کہا کہ 2023 میں کامیابی کے ساتھ اس کی صدارت اور میزبانی کرنے کے بعد یہ سربراہ کانفرنس بھارت کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔x

## PM Mann KI Baat

وزیر اعظم نریندر مودی 30 نومبر کو آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 128واں نشریہ ہوگا۔ لوگ اِس پروگرام کیلئے اپنے نظریات اور تجاویز ٹول فری نمبر ایک آٹھ صفر صفر – ایک ایک– سات آٹھ صفر صفر پر بھیج سکتے ہیں۔ وہ نریندر مودی ایپ یا MyGov اوپن فورم کے ذریعے آن لائن بھی اپنے خیالات کا اظہار کرسکتے ہیں۔ ایک نو دو دو پر مِسڈ کال دے کر اور SMS پر موصول لنک کو فالو کرکے وزیر اعظم کو براہِ راست تجاویز بھیجی جاسکتی ہیں۔ آئندہ اپی سوڈ کیلئے اِس ماہ کی 28 تاریخ تک مشورے قبول کیے جائیں گے۔x

**Jaishankar Wong**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں آسٹریلیا کی وزیر خارجہ **Penny Wong** سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ محترمہ **Wong** کے ساتھ مزید تبادلہ خیال کے منتظر ہیں۔ **x**

**President Chhattisgarh**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ قبائلی برادری اور ملک کی ترقی ایک دوسرے کیلئے لازم وملزوم ہیں۔ جَن جاتیہ گورو دِوَس کے موقع پر آج چھتیس گڑھ کے **Ambikapur** شہر میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ قبائلی برادری کا تعاون بھارت کی تاریخ کے ایک شاندار باب پر مبنی ہے۔ انھوں نے کہا کہ قبائلی ثقافت ہمارا ورثہ اور شناخت ہے اور اُس کا تحفظ ہماری ذمے داری ہے۔

**S/B President**

**Vaishnaw Semi Conductor**

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت، **2032** تک سیمی کنڈکٹر اور چپ بنانے والے ملکوں کے برابر ہوگا۔ سنگا پور میں **Bloomberg** نیو اکانومی فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے زور دے کر کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو چاہیے کہ وہ جو کچھ شائع کرتے ہیں، اُس کی پوری ذمے داری لیں تاکہ معاشرے میں اعتماد کی سطح مضبوط ہو۔ انہوں نے سوشل میڈیا کے بغیر نگرانی والے اثر کی وجہ سے شہریوں اور اداروں کے درمیان اعتماد کی بڑھتی ہوئی کمی پر انتہائی تشویش ظاہر کی۔ وزیر موصوف نے اِس بات کا ذکر کیا کہ **Deepfakes** کے بڑھتے ہوئے دائرے، توڑ مروڑ کر پیش کیے گئے ساز و سامان اور تیزی کے ساتھ بڑھتی ہوئی افواہیں، معاشرتی اعتماد کے تانے بانے کو بے حد نقصان پہنچا رہی ہیں۔ جناب ویشنو نے ڈیجیٹل حکمرانی کے تئیں بھارت کے ٹیکنو لیگل اندازِ نظر کو اجاگر کیا، جس میں انہوں نے وضاحت کی کہ ڈاٹا کے تحفظ سے متعلق ایکٹ کو ایک اصولوں پر مبنی قانون کے طور پر وضع کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس طرح کا خاکہ ضروری تھا کیونکہ ٹیکنالوجی، تیزی سے ترقی کر رہی ہے اور حد سے زیادہ قدیمی قوانین، اختراعات میں رکاوٹ کا سبب ہوسکتے ہیں۔ بھارت، اگلے سال اکتوبر میں **Bloomberg** نیو اکانومی فورم کی میزبانی کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ فورم میں سرمایہ کاروں کو شرکت کی دعوت دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، آنے والے برسوں میں ایک مضبوط پالیسی نظام، پائیدار سادہ کاری، اچھی ترقی اور انتہائی معتدل افراط پر عمل کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ **x**

**Goa IFFI 2025**

چھپنواں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول آج سے گوا کے پنجی میں شروع ہوگیا ہے۔ یہ فلم فیسٹیول آٹھ روز تک جاری رہے گا اور اِس ماہ کی **28** تاریخ کو اختتام پذیر ہوگا۔ آج اِس کی افتتاح پریڈ نے ناظرین کو خوب

لطف اندوز کیا۔ اِس کی افتتاحی تقریب میں اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن، گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساونت، I&B سکریٹری سنجے جاجو اور فیسٹیول کے ڈائریکٹر شیکھر کپور کے علاوہ اداکار انوپم کھیر، Nandamuri بال کرشن اور فلم ساز راکیش اوم پرکاش مہرا شامل ہوئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا کہ بھارتی معیشت کیلئے یہ ایک انتہائی اہم موقع ہے اور انھوں نے مزید کہا کہ اِفّی اور WAVES 2025 فلم بازار اختراع، کنٹینٹ اور کلچر کے ستونوں کو مضبوطی عطا کر رہے ہیں۔
مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے......

**VC Saira Mujtaba**

ڈاکٹر ایل مروگن نے آج 56ویں IFFI میں WAVES فلم بازار 2025 کا بھی افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مروگن نے کہا کہ یہ WAVES فلم بازار جدت طرازوں اور دنیا کے درمیان ایک پُل کا کام کرے گا۔ انھوں نے اِسے بھارت کے نوجوان ذہنوں اور نئے اختراع کاروں کا ایک پلیٹ فارم قرار دیا جو دنیا کو بھارتی مواد اور قصہ گوئی سے روشناس کرا رہے ہیں۔ اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے WAVES فلم بازار کو فلم سازوں کیلئے دنیا کا پہلا ای–مارکیٹ پلیس قرار دیا۔x

## World Boxing Cup

عالمی باکسنگ کپ کے فائنل میں خواتین مکّے بازوں نکہت زرّین، اروندھی چودھری، پریتی پوار، میناکشی ہُڈا، پروین ہُڈا، Jasmine Lamboria اور Nupur Sheoran نے آج شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کے 7 تمغے جیتے۔ مرد بھارتی مکّے بازوں Hitesh Gulia اور Sachin Siwach نے بھی سونے کے دو تمغے حاصل کیے۔x

## Badminton Australia Open

بیڈمنٹن میں بھارت کے آیوش شیٹی اور لکشیہ سین نے آج پری کوارٹر فائنل مقابلے جیت لئے۔ اب کوارٹر فائنل میں بھارتی کھلاڑیوں کا ہی مقابلہ ہوگا۔ آیوش نے چوتھی پوزیشن کے جاپان کے کھلاڑی Kodai Naraoka کو ہرایا، جبکہ نمبر ایک کھلاڑی لکشیہ سین نے چینی تائی پے کے Chi Yu-jen کو شکست دی۔
دوسری جانب ایچ ایس Prannoy اور کدامبی سری کانت ٹورنامنٹ سے جلد باہر ہوگئے تھے۔ مردوں کے ڈبلز میں بھارت کی سرکردہ جوڑی ست وِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی بھی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے چینی تائی پے کی جوڑی کو ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆